**[AS PASSED BY THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*to prohibit the business and practices of private, money-lending and advancing loans and transactions based on interest.*

WHEREAS the injunctions of Islam as laid down in the Holy Qur'an and Sunnah explicitly and unequivocally prohibit charging interest on loans and have declared war against those who do not abandon interest;

AND WHEREAS the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan obliges the State to take steps to enable the Muslims of Pakistan, individually and collectively, to order their lives in accordance with the fundamental principles and basic concepts of Islam and to provide facilities whereby they may be enabled to understand the meaning of life according to the Holy Quran and Sunnah;

AND WHEREAS it is expedient to make a comprehensive legislation on the subject for covering all the aspects of the mischief of private money-lending and matters akin thereto;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement.-** (1) This Act may be called the Islamabad Capital Territory Prohibition of Interest on Private Loans Act, 2024.

(2) It extends to the whole of the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definition.-** In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "abetment" has the same meaning as assigned to it in section 107 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860);

(b) "borrower or debtor" means a person to whom a loan is advanced;

(c) "Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act No. V of 1898);

(d) "financial institution" includes the State Bank of Pakistan, a commercial or investment bank, a leasing company, a modaraba or other concerns, so defined in terms of section 2(a) the Financial Institutions (Recovery of Finances) Ordinance, 2001 (Ordinance No. XLVI of 2001);

(e) "Government" means the Federal Government of Pakistan;

(f) "interest" includes any amount, big or small, over the principal, in a contract of loan or debt, regardless of whether the loan is taken for

purpose of consumption or for some production activity, whether the same is charged or sought to be recovered specifically by way of interest or otherwise, or found so to be recoverable by a competent Court;

(g) "Interest based transactions" include transactions, namely:-

(i) where differences in prices are exchanged without any intention of exchange of goods by the parties involved; or

(ii) where sale is made on credit for higher price and repurchase of the same for lower price on cash basis by the original owner in a given transaction; or

(iii) where two prices are stipulated in the same deal that is to charge lower or discounted price for shorter period or given listed price for longer period by the buyer in a given transaction.

(h) "loan or debt" means an advance whether of money or in kind, where the repayment is guaranteed on demand or after a specified period.

(i) "molest" a person shall be deemed to molest another person if he:-

(i) obstructs, or uses violence or criminal force to or criminally intimidates, such other person;

(ii) interferes with any property owned or used by him or deprives him of, or hinders him in the use of any such property; and

(iii) does any act calculated to intimidate the members of the family or such other person;

(j) "money lender" means a person, other than the Federal or Provincial Government or a financial institution, who lends money on interest or deals in interest based transactions and includes any person appointed by him to be in charge of a branch office or branch offices or a liaison office or any other office by whatever name called, of his principal place of business and a pawn broker who carries on the business of taking goods and chattels in pawn or pledge for a loan, offering payday loans, small personal loans or credit chits.

***Explanation:-*** Where a money lender is resident outside the province, the agent of such person resident in the Province, be deemed to be the money-lender in respect of that business for the purposes of this Act.

(k) "prescribed" means prescribed by rules under this Act;

(1) "principal amount" in relation to loan means the amount actually lent to the debtor; and

(m) "rules" means rules made under this Act.

**3. Prohibition of private money lending.-** (1) No money lender shall lend money or advance loan to any person for the purpose of receiving interest thereon, nor shall carry on an interest based transaction.

(2) Whoever contravenes the provisions of sub-section (1) shall be punished with imprisonment for a term which may extend to ten years but shall not be less than three years and shall also be liable to fine not exceeding one million rupees.

**4. Punishment for abetment.-** Whoever intentionally and willfully abets, engages, assists or aids the money lender in lending money or in recovery of interest or in interest based transaction in contravention of sub-section (1) of section 3 shall also be liable to the same punishment as provided in sub-section (2) of section 3 of this Act.

**5. Punishment for molestation.-** Whoever molests any borrower or debtor, whether, on his own behalf or on behalf of anybody else with intention to force such borrower or debtor to pay back any loan or debt or any part thereof or any interest thereupon, shall be punished with imprisonment of either description for a term which may extend to five years and shall also be liable to fine up to five hundred thousand rupees.

**6. Complaint.-** A justice of peace shall, within three days on receipt of any application or complaint with regard to the commission of an offence under this Act, order the local police to register a case against such person.

**7. Liability to pay interest on debt to stand extinguished.-** On the commencement of this Act, every obligation of any debtor or borrower to pay interest on debt or such part of interest shall stand extinguished.

**8. Offences to be tried by Court.-** No court inferior to the court of Judicial Magistrate of the first class shall try an offence under this Act.

**9. Cognizance of offences.-** Notwithstanding anything to the contrary contained in the Code or any other law for the time being in force an offence under this Act shall be cognizable, non-compoundable and non-bailable.

**10. Adjustment of principal amount.-** The trial court, if it is proved that the money lender committed an offence under this Act, shall order the interest already paid to the money lender is considered as payment toward the principal amount:

Provided that where the amount of interest paid by a borrower exceeds the principal amount, the court shall order the money lender to return such excess amount to the borrower.

**11. Recovery of sums.-** Where penalty imposed on money lender under this Act or the amount ordered to be returned, is not paid-

(a) the court may order to recover the amount so payable by selling the assets belonging to such person; and

(b) in case the amount cannot be recovered from such person in the manner provided in clause (a) the court may prepare and sign a certificate specifying the amount due from such person and send it to the collector of the district in which such person owns any property or resides or carries on business; and the collector of the district on receipt of such certificate shall proceed to recover from the said person the amount specified in the certificate as if it is an arrear of land revenue.

12. **Appeal.-** Save as provided, any person aggrieved by any decision given, sentence passed or order made by the trial court under this Act, may within thirty days of such decision, sentence or order prefer an appeal under the provisions contained in chapter XXXI of the Code.

13. **Power to deposit in Court money due on loan.-** (1) Where any lender, whether a money lender as defined in this Act or otherwise, refuses to accept the whole or any portion of the money or other property due in respect of his loan without payment of interest the debtor may deposit the said money or property into the Court having jurisdiction to entertain a suit for recovery of such loan and apply to the court to record full or part satisfaction of the loan, as the case may be.

(2) Where any such application is made, the court shall, after due inquiry, pass orders recording full or part-satisfaction of the loan as the case may be.

(3) The procedure laid down in the Code of Civil Procedure 1908 (Act No. V of 1908), for the trial of suits shall, as far as may be, apply to applications under this section.

(4) An appeal shall lie from an order passed by a court under sub-section (2) within thirty days excluding the time for obtaining a certified copy of the order as if such, an order relates to the execution, discharge or satisfaction of a decree within the meaning of section 47 of the Code of Civil Procedure 1908 (Act No. V of 1908).

14. **Act to override other laws, etc.-** The provisions of this Act shall have effect notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or in any instrument having effect by virtue of any such law.

15. **Indemnity.-** No suit, prosecution or other legal proceeding shall lie against any person for anything which is in good faith done or intended to be done in pursuance of this Act or of any rules made thereunder.

16. **Power to make rules.-** Government may make rules for carrying out the purposes of this Act.

17 **Interpretation.-** In the interpretation and application of the provisions of this Act, and in respect of matter-ancillary or akin thereto, the court shall be guided by the Injunctions of Islam as laid down in the Holy Qur'an and Sunnah.

18. **Repeal.-** The West Pakistan Private Money Lenders Ordinance, 1960 (W.P. Ordinance XXIV of 1960) is hereby repealed.

---

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

It is desirable to curb the menace created by private loan sharks and money lenders who are charging interest and then molest the borrowers for recovery thereof, hence, this Bill.

Sd/-

**MR. MUHAMMAD SANA ULLAH KHAN MASTI KHEL**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی کی پاس کردہ صورت میں]

## سود کی بنیاد پر کاروبار اور نجی قرض دہندگی، ایڈوانسز اور ترسیلات کی سرگرمیوں کی ممانعت کا

## بل

چونکہ قرآن پاک میں مقرر کردہ اسلام اور سنت کے احکامات نے واضح اور صریحاً قرضوں پر سود وصول کرنے کی ممانعت کی ہے اور جو لوگ سود کو ترک نہیں کرتے ان کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے:

اور چونکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور نے ریاست پر لازم قرار دیا ہے کہ وہ ایسے اقدامات اٹھائے کہ پاکستان کے مسلمان انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی اسلام کے بنیادی اصولوں اور تصورات کے مطابق بسر کریں اور انہیں ایسی سہولیات فراہم کی جائیں کہ وہ قرآن اور سنت کے مطابق زندگی کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔

اور چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نجی قرض دہندگی اور اس سے منسلک مضمرات کے تمام پہلوؤں کے حوالے سے ایک جامع قانون سازی کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت و آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ اسلام آباد وفاقی دارالحکومت علاقہ ممانعت برائے سود بابت نجی قرضہ جات ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ ایکٹ اسلام آباد وفاقی دارالحکومت کے تمام علاقہ تک وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریف:۔** اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی امر سیاق و سباق کے منافی ہو۔

(الف) ''مجرمانہ اعانت'' کے وہی معنی ہیں جو مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ (ایکٹ ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰) کی دفعہ ۱۰۷ میں دیئے گئے ہیں؛

(ب) ''قرض خواہ یا مقروض'' سے ایک ایسا شخص مراد ہے جسے قرضہ دیا جاتا ہے؛

(ج) ''ضابطہ'' سے مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ (ایکٹ نمبر ۵ مجریہ ۱۸۹۸ء) مراد ہے۔

(د) ''مالیاتی ادارہ'' سے مراد سٹیٹ بنک پاکستان سمیت کمرشل یا سرمایہ کاری بنک، ایک لیزنگ کمپنی، ایک مضاربہ یا دیگر ادارے ہیں، جیسا کہ مالیاتی ادارے (مالیات کی وصولی) آرڈیننس، ۲۰۰۱ (آرڈیننس نمبر ۴۶ مجریہ ۲۰۰۱ء) کی دفعہ ۲ (الف) کی رو سے تعریف کی گئی ہے؛

(ہ) ''حکومت'' سے مراد حکومت پاکستان ہے؛

(و) ''سود'' سے ایسی بڑی یا چھوٹی رقم مراد ہے جو اصل زر پر، معاہدے کے تحت قرضے، قطع نظر کہ آیا قرضہ تصرف یا کسی پیداواری سرگرمی کیلئے حاصل کیا گیا ہو، آیا اس کی وصولی سود یا دیگر طریقوں سے کی جائے یا مجاز عدالت کی جانب قابل وصولی پائی جائے۔

(ز) سود پر مبنی لین دین میں حسب ذیل شامل لین دین شامل ہیں، یعنی:۔

(i) اگر مبادلہ کی قیمتیں متعلقہ فریقین کے درمیان کسی سامان کے لین دین کے بغیر مقرر کی جائیں؛ یا

(ii) اگر کسی لین دین میں قرضے پر فروختگی زیادہ قیمت پر کی جائے جبکہ اصل مالک کی جانب سے وہی چیز نقد رقم پر کم قیمت پر خریدی جائے؛ یا

(iii) اگر ایک ہی سودے میں دونوں قیمتیں مقرر ہوں یعنی کم عرصہ کے لئے کم یا ڈسکاؤنٹ قیمت وصول کی جائے یا خریدار کی جانب سے طویل عرصہ کے لئے فہرست میں قیمت دی گئی ہو؛

(ح) ''ادھار یا قرض'' سے مراد پیشگی وصولی ہے جو رقم یا جنس کی صورت میں ہو، جہاں مطالبہ پر یا مخصوص عرصہ کے بعد ادائیگی کی ضمانت دی گئی ہو؛

(ط) ''زیادتی''، کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے زیادتی کرتا متصور ہوگا اگر وہ:

(i) خلل ڈالتا ہے یا تشدد یا مجرمانہ قوت استعمال کرتا ہے یا ایسے دیگر شخص کو مجرمانہ طور پر ڈراتا دھمکاتا ہے؛

(ii) کسی دوسرے شخص کی جائیداد میں مداخلت کرے یا اسے محروم کردے یا ایسی جائیداد کے استعمال میں اس کے لئے رکاوٹ پیدا کرے؛ اور

(iii) خاندان کے اراکین یا ایسے دیگر شخص کو ڈرانے دھمکانے کے کسی عمل کا ارتکاب کرتا ہے؛

(ی) ''رقم فراہم کنندہ'' سے ماسوائے وفاقی یا صوبائی حکومت یا مالیاتی ادارہ مراد کوئی شخص ہے جو سود پر رقم قرض کی بنیاد پر فراہم کرتا ہے یا سود پر مبنی ترسیلات کا کاروبار کرتا ہے، بشمول ایسے شخص جسے برانچ دفتر یا دفاتر یا رابطہ دفتر یا اس کے کاروبار کرنے کا صدر مقام جسے کسی بھی نام سے پکارا جائے، کے کسی اور دفتر کا انچارج مقرر کیا گیا ہو، رہن رکھنے والا شخص جو رہن میں اشیاء اور جائیداد رکھنے کا کاروبار کرتا ہے یا چھوٹے قلیل مدت قرضوں، چھوٹے ذاتی قرضوں یا چھوٹی واجب الاداء رقم کے واؤچر کے ذریعے قرض فراہم کرتا ہے؛

تشریح:۔ اگر رقم فراہم کنندہ صوبہ سے باہر ہو تو ایکٹ ہذا کی اغراض کے لئے اس کاروبار کے حوالے سے اس صوبے میں رہنے والا اس کا کوئی ایجنٹ اس رقم فراہم کنندہ متصور ہوگا۔

(ک) ''وضع کردہ'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے ذریعے وضع کردہ ہے؛

(ل) ''بنیادی رقم'' سے مراد قرضدار کو بطور قرضہ دی گئی اصل رقم ہے؛ ور

(م) ''قواعد'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد ہیں۔

۳۔ **نجی قرض دہندگی کی ممانعت:-** (۱) کوئی بھی قرض فراہم کرنے والا کسی کو فرداً یا افراد کو گروپ کی صورت میں سود کی غرض سے قرضہ یا ایڈوانس لون فراہم نہیں کرے گا اور نہ ہی پاکستان رعلاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں سود پر مبنی کاروبار کرے گا۔

(۲) جو کوئی ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا اسے کسی بھی نوعیت کی سزا دی جائے گی جو دس سال تک قید ہوسکتی ہے مگر تین سال سے کم نہ ہوگی اور اسے جرمانہ کیا جائے گا جو دس لاکھ روپے سے زیادہ نہ ہوگا۔

۴۔ **اعانت جرم کی سزا:-** جو کوئی جان بوجھ کر کسی قرض خواہ کی قرض دینے کے سلسلے میں یا سود کی وصولی میں دفعہ (۳) کی ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی میں سود پر مبنی کاروبار کے سلسلے میں اعانت کرتا ہے اس میں ملوث ہوتا ہے یا مدد کرتا ہے تو وہ اس ایکٹ کی دفعہ (۳) کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت وضع کردہ سزا کا مستحق ہوگا۔

۵۔ **تنگ کرنے کی سزا۔** جو کوئی کسی قرض دار یا مقروض کو اپنی یا کسی اور کی ایماء پر اس نیت سے تنگ کرتا ہے کہ وہ اسے کوئی لون یا قرضہ یا اس کا کوئی حصہ یا اس پر کوئی سود ادا کرنے پر مجبور ہو جائے گا اس کو کسی بھی نوعیت کی قید کی سزا دی جائے گی جو پانچ سال تک ہوسکتی ہے اور اس پر پانچ لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا جاسکتا ہے۔

۶۔ **شکایت۔** جسٹس آف پیس اس ایکٹ کے تحت کسی جرم کے ارتکاب کے حوالے سے شکایت یا درخواست موصول ہونے کے تین دن کے اندر مقامی پولیس کو حکم دے گا کہ ایسے شخص یا گروپ کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے۔

۷۔ **قرضے پر سود کی ادائیگی کا ختم ہونا۔** اس ایکٹ کے آغاز کے بعد کسی قرض دار یا مقروض کا قرض پر یا اس کے کسی حصے پر سود کی ادائیگی کی ہر قسم کی ذمہ داری سے مبرا رہے گا۔

۸۔ **جرائم کا مقدمہ عدالت میں چلے گا:-** درجہ اول جوڈیشل مجسٹریٹ سے کم تر کسی عدالت میں اس ایکٹ کے تحت مقدمہ نہیں چلے گا۔

۹۔ **جرائم کا قابل دست انداز ہونا:-** اسی ضابطہ یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل اس کے برعکس امر کے باوجود، اس ایکٹ کے تحت سرزد جرم قابل دست اندازی، نا قابل مصالحت اور نا قابل ضمانت ہوگا۔

۱۰۔ **بنیادی رقم کا تسویہ:-** ٹرائل کورٹ، اگر چہ ثابت ہوجائے کہ قرض دہندہ نے اس ایکٹ کے تحت جرم کا ارتکاب کیا ہے، حکم صادر کرے گی کہ قرض دہندہ کو سود کی صورت میں ادا کی گئی رقم بنیادی رقم کی ادائیگی تصور ہوگی:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں قرض دار کی جانب سے ادا کیا گیا سود بنیادی رقم سے تجاوز کر جائے تو عدالت قرض دہندہ کو حکم دے گی کہ ایسی رقم قرض دار کو واپس کی جائے۔

۱۱۔ **رقوم کی وصولی:۔** جہاں قرض دہندہ نے اس ایکٹ کے تحت عائد جرمانہ یا جس رقم کو واپس کرنے کا حکم دیا گیا ہو، ادا نہ کی ہو تو،۔

(الف) عدالت ایسے قابل ادائیگی رقم کی وصولی کیلئے اس شخص کے اثاثہ جات کو فروخت کرنے کا حکم دے سکتی ہے: اور

(ب) اگر مذکورہ بالا شق (الف) میں وضع کردہ انداز سے اس شخص سے رقم وصول نہ کی جا سکتی ہو تو عدالت ایک سرٹیفکیٹ تیار اور سائن کر سکتی ہے جس میں اس شخص سے وصول کی جانے والی رقم کی تخصیص کی گئی ہو کو ضلع کے کلکٹر کو بھیج سکتی ہے جہاں پر اس شخص کی کوئی جائیداد ہو یا وہاں رہتا ہو یا اس کا کوئی کاروبار ہو اور ضلعی کلکٹر اس سرٹیفکیٹ کی موصولی پر سرٹیفکیٹ میں وضع کردہ رقم وصول کرنے کا بندوبست کرے گا جیسا کے لینڈ ریونیو کے بقایا جات کی صورت میں کرتا ہے۔

۱۲۔ **اپیل:۔** ماسوائے اس صورت میں جہاں شرط عائد کی گئی ہو کوئی شخص جس کو کسی فیصلے یا عدالت کی جانب سے سنائی گئی سزا یا حکم نامے کی بنیاد پر تکلیف پہنچی ہو تو وہ ایسے فیصلے سزا یا حکم نامے کے خلاف ۳۰ دنوں کے اندر اس ضابطہ کے باب اکتیس میں موجود تصریحات کے تحت اپیل کر سکتا ہے۔

۱۳۔ **قرضہ پر واجب الادا رقم کا عدالت میں جمع کرنے کا اختیار:۔** (۱) جہاں کوئی قرض دہندہ جسے اس ایکٹ کے تحت بطور قرض دہندہ وضع کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو، مجموعی رقم یا اس کا کوئی حصہ یا کوئی دیگر جائیداد سود کے بغیر بطور قرضہ قبول کرنے سے انکاری ہو تو قرض دار مذکورہ رقم یا جائیداد ایسی عدالت میں جمع کرا سکتا ہے جسے ایسے قرض کی وصولی کیلئے مقدمے کی سماعت کا اختیار ہو یا عدالت کو مکمل یا قرضہ کے جزو کا ریکارڈ کے لئے درخواست دے سکتا ہے، جیسی بھی صورت ہو۔

(۲) جہاں ایسی درخواست دی جائے تو عدالت باقاعدہ انکوائری کے بعد حکم صادر کرے گی کہ قرض کی مکمل یا جزوی ادائیگی ریکارڈ کی جائے جو بھی صورت ہو۔

(۳) مجموعہ ضابطہ دیوانی، ۱۹۰۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۰۸ء) میں مقدمات کی سماعت کیلئے وضع کردہ طریقہ کار اس دفعہ کے تحت موصول ہونے والی درخواستوں پر قابل اطلاق ہوگا۔

(۴) اپیل عدالت کی جانب سے ذیلی دفعہ ۲ کے تحت صادر حکم کے تحت ۳۰ دنوں کے اندر سنی جائے گی جس میں حکم نامے کی مصدقہ نقل کی وصولی کیلئے درکار وقت شامل نہیں اگر ایسے حکم نامے کا تعلق کسی ڈگری کی تکمیل بروئے کار لانے سے ہو جو مجموعہ ضابطہ دیوانی، ۱۹۰۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۰۸ء) کی دفعہ (۴۷) کے معنوں میں ہو۔

۱۴۔ **دیگر قوانین وغیرہ پر فوقیت کیلئے ایکٹ:۔** ایکٹ ہذا کی دفعات کو، فی الوقت رائج کسی دیگر قانون میں وضع کردہ کسی دفعات یا ایسے کسی قانون کے باعث موثر کردہ کسی دستاویز پر فوقیت حاصل ہوگی۔

۱۵۔ نقصان سے تحفظ۔۔کسی بھی فرد کے خلاف کسی عمل جو کہ خلوص نیت کے ساتھ کیا گیا ہو یا جس میں ایکٹ ہٰذا یا اس کے کسی قواعد کی تعمیل مقصود ہو، کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

۱۶۔ قواعد کی تشکیل کا اختیار۔۔وفاقی حکومت ایکٹ ہٰذا کے اغراض کے حصول کیلئے قواعد تشکیل دے سکتی ہے۔

۱۷۔ تشریح۔۔ایکٹ ہٰذا کی دفعات کی تشریح اور اطلاق میں، اور اسکی معاونت میں یا اسی طرز پر، عدالت قرآن اور سنت میں وضع کردہ اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوگی۔

۱۸۔ تنسیخ۔۔مغربی پاکستان نجی قرض دہندگی آرڈیننس، ۱۹۶۰ء (مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۲۴ بابت ۱۹۶۰ء) منسوخ کردیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

نجی قرض شارکوں اور قرضہ دہندگان جو سود وصول کررہے ہیں اور پھر اس کی وصولی کے لئے قرض خواہوں کو تنگ کرتے ہیں، کی پیدا کردہ لعنت کو ختم کرنا ضروری ہے۔لہٰذا یہی اس بل کا مقصد ہے۔

دستخط/۔

**محمد ثناءاللہ خان مستی خیل**

رکن، قومی اسمبلی